احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کیلئے

روزنامہ الفضل ربوہ

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

CPL 61

213029

سوموار 20- ستمبر 1999ء

سوموار 20- ستمبر 1999ء- 9 جمادی الثانی 1420 ہجری-20- تبوک 1378 ہش جلد 49-84 نمبر 212

Digitized by Khilafat Library Rabwah

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

دعا وہ اکسیر ہے جو ایک مشت خاک کو کیمیا کر دیتی ہے۔ اور وہ ایک پانی ہے جو اندرونی غلاظتوں کو دھو دیتا ہے۔ اس دعا کے ساتھ روح پگھلتی ہے اور پانی کی طرح بہہ کر آستانہ حضرت احدیت پر گرتی ہے۔ وہ خدا کے حضور میں کھڑی بھی ہوتی ہے اور رکوع بھی کرتی ہے اور سجدہ بھی کرتی ہے اور اسی کی ظل وہ نماز ہے جو (دین) نے سکھلائی ہے۔

(لیکچر سیالکوٹ۔ روحانی خزائن۔ جلد 20 صفحہ 222)

ایک مضطرب الحال انسان جب خدائے تعالیٰ کے آستانہ پر نہایت تذلل اور نیستی کے ساتھ گرتا ہے اور ربی ربی کہہ کر اس کو پکارتا اور دعائیں مانگتا ہے تو وہ رویائے صالحہ یا الہام صحیح کے ذریعہ سے ایک بشارت اور تسلی پالیتا ہے۔ میں نے اپنے ساتھ بارہا اللہ تعالیٰ کا یہ معاملہ دیکھا ہے کہ جب میں نے کرب و قلق سے کوئی دعا مانگی۔ اللہ تعالیٰ نے مجھے رؤیا کے ذریعہ سے آگاہی بخشی۔ ہاں قلق اور اضطرار اپنے بس میں نہیں ہوتا۔ اس کا انشاء بھی فعل الٰہی ہے۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ فرماتے ہیں کہ جب صبر اور صدق سے دعا انتہا کو پہنچے تو وہ قبول ہو جاتی ہے۔ دعا' صدقہ اور خیرات سے عذاب کا ٹلنا ایک ایسی ثابت شدہ صداقت ہے جس پر ایک لاکھ چوبیس ہزار نبی کا اتفاق ہے اور کروڑہا صلحاء اتقیاء اور اولیاء اللہ کے ذاتی تجربے اس امر پر گواہ ہیں۔

(ملفوظات جلد سوم ص 24-25)

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی صحت کے بارے میں

تازہ اطلاع

ربوہ 18- ستمبر- لندن سے جو اطلاع محترم امیر صاحب مقامی وناظر اعلیٰ صدر انجمن احمدیہ ربوہ کو موصول ہوئی ہے وہ ذیل میں درج کی جاتی ہے-

17- ستمبر 99ء - حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کی صحت کے بارے میں ڈاکٹروں کی رپورٹ ہے کہ طبیعت اللہ تعالیٰ کے فضل سے بہتری کی طرف مائل ہے- تاہم ابھی آرام کی ضرورت ہے- علاج باقاعدگی سے ہو رہا ہے-

احباب جماعت پیارے آقا ایدہ اللہ تعالیٰ کی صحت و سلامتی اور جلد اور کامل شفایابی کیلئے درد دل سے دعائیں جاری رکھیں- مولا کریم ہمارے محبوب امام کو صحت و تندرستی والی لمبی عمر سے نوازے- اور آپ کے تمام دینی منصوبوں کو معجزانہ کامیابیوں سے نوازے- آمین-

کرب کے وقت کی دعا

حضرت ابن عباسؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کرب اور مصیبت کے وقت یہ دعا کرتے تھے :-

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں جو عظیم اور حلیم ہے- اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں جو آسمانوں اور زمینوں کا بھی رب ہے اور عرش عظیم کا بھی رب ہے-

(صحیح بخاری کتاب الدعوات باب الدعاء عندالکرب)

ہدایت کی دعا

احد میں دشمن کے دوبارہ حملہ کے بعد رسولؐ اللہ شدید زخمی ہو گئے تھے۔ لوہے کا حفاظتی خود ٹوٹ کر سلاخیں چہرہ مبارک میں دھنس جانے سے چہرہ خون خون ہو رہا تھا۔ سلاخیں نکالنے سے خون ایسا جاری ہوا تھا کہ رکنے میں نہ آتا تھا۔ حضرت علیؓ ڈھال میں پانی بھر بھر کر لاتے تھے اور حضرت فاطمہؓ زخموں کو دھوتیں مگر خون مسلسل رواں تھا تب حضرت فاطمہؓ نے ایک چٹائی جلا کر زخم میں راکھ بھری تب کہیں جا کر خون رکا۔ اس تکلیف اور اذیت میں رسولؐ اللہ ایک طرف اس حقیقت کا اظہار فرما رہے تھے کہ یہ قوم کیسے کامیاب ہو گی جس نے اپنے نبی کے چہرہ کو خون آلود کر دیا۔ تو دوسری طرف اس خیال سے کہ واقعی یہ قوم غضب الٰہی کی مورد بن نہ جائے یہ دعا کر رہے تھے۔ "اللھم اھد قومی فانھم لا یعلمون"

اے اللہ! میری قوم کو ہدایت نصیب کر یہ نہیں جانتے۔

(بخاری کتاب المغازی باب غزوہ احد)

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆

امداد طلباء

مخیّر احباب کی خدمت میں ضروری گذارش

شعبہ امداد طلباء اس وقت انتہائی اعانت کا محتاج ہے۔ تعلیم کے بڑھتے ہوئے اخراجات کی وجہ سے اس شعبہ کے وظائف بہت بڑھ گئے ہیں۔ اس کے لئے احباب جماعت سے گزارش ہے کہ تعلیم جو کہ وقت کی ایک اہم ضرورت ہے کے لئے زیادہ سے زیادہ عطیات و صدقات شعبہ امداد طلباء کے لئے بھجوائیں تاکہ ضرورت مند طلباء کی حسب ضرورت امداد کی جاسکے۔

امید ہے تمام مخیر احباب اس کار خیر میں زیادہ سے زیادہ حصہ لیں گے۔ یہ رقم بمد امداد طلباء خزانہ صدر انجمن احمدیہ میں جمع کروا سکتے ہیں۔ براہ راست نگران امداد طلباء معرفت نظارت تعلیم کو بھی یہ رقوم بھجوائی جاسکتی ہیں۔

(نگران امداد طلباء)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

روزنامہ
الفضل ربوہ
ایڈیٹر - عبدالسمیع خان

پبلشر: آغا سیف اللہ - پرنٹر: قاضی منیر احمد
مطبع: ضیاء الاسلام پریس ربوہ
مقام اشاعت: دارالنصر غربی ربوہ

قیمت
2 روپے 50 پیسے

مرتبہ - حافظ عبدالحلیم صاحب

اردو کلاس کی باتیں نمبر69

ریکارڈ شدہ - 17-جولائی 1999ء
نشر - 19-جولائی 1999ء

گملے اور نرسری

حضور انور نے فرمایا:-
سب سے پہلے ایک گملا دکھانا ہے جو اردو کلاس کو تحفہ دیا گیا ہے زنوبیہ' زبدہ' اور کنزہ ناصر اکبری اسماعیل صاحب کی یہ پوتیاں ہیں۔ انہوں نے کہا ہماری طرف سے یہ اردو کلاس کے لئے تحفہ ہے۔
حضور نے فرمایا جزاک اللہ
اس کے بعد فرمایا:-
ایک پھولوں کی نرسری ربوہ میں بنائی ہوئی ہے اس میں سید محمود احمد نے بہت محنت کی ہے بہت کام کیا ہے اس کو بہت شوق ہے۔ اس نے جو البم بھیجی ہے۔ اس کا کسی رسالے میں چھپا ہے۔ (الفضل میں رپورٹ شائع ہوئی ہے)۔

گلشن میں پھول باغوں میں پھل آپ کے لئے
جھیلوں پہ کھل رہے ہیں کنول آپ کے لئے

یہ انہوں نے عنوان بنایا ہے۔ حضور نے البم سے نمائش کی تصویریں دکھائیں اور فرمایا:-
کتنی پیاری نرسری ہے۔ ماشاء اللہ
نیز فرمایا:-
اچھے منظر بنائے ہیں ماشاء اللہ۔ محمود ماشاء اللہ بہت قابل بچہ ہے۔

غانا کی کہانی

ان خوبصورت تصاویر کے بعد غانا کی ایک کہانی آڈو صاحب کی بیٹی محترمہ شاہدہ صاحبہ نے سنائی جس کا عنوان تھا شیر' لومڑی اور بھیڑیا۔
ایک شیر کھانے کی تلاش میں نکلا۔ اس کے ساتھ ایک لومڑی اور ایک بھیڑیا بھی تھا۔ انہوں نے ایک زیبرا پکڑا جسے جنگلی گدھا بھی کہا جا سکتا ہے اس کے بعد ایک ہرن اور ایک خرگوش بھی پکڑا۔

جب وہ واپس آئے۔ تو شیر نے بھیڑیئے سے کہا شکار جو ہم نے کیا ہے اس کو ہم میں تقسیم کر دو۔ بھیڑیئے نے کہا۔
زیبرا جنگل کے بادشاہ کے لئے ہے ہرن لومڑی کے لئے ہے اور خرگوش میرے لئے ہے۔
شیر نے بھیڑیئے کو کان سے پکڑا اور بہت زور سے کھینچا۔ اور لومڑی سے کہا کہ تم تقسیم کر دو۔
لومڑی نے کہا فیصلہ تو صاف ظاہر ہے۔ زیبرا بادشاہ کے کھانے کے لئے ہے۔ ہرن بادشاہ کے ناشتہ کے لئے ہے اور خرگوش بادشاہ کی مرضی ہے جس وقت چاہیں کھائیں۔
شیر سن کر بہت خوش ہوا اور اس نے کہا۔ لومڑی صاحبہ یہ کتنا اچھا فیصلہ ہے۔ یہ فیصلہ تمہیں کس نے سکھایا ہے لومڑی نے جواب دیا کہ۔
بھیڑیئے کی ٹانگ کا جو حشر ہوا ہے اس نے مجھے فیصلہ سکھا دیا ہے۔
حضور نے فرمایا۔ جزاک اللہ۔ اچھی اچھی مزے دار مزے دار کہانیاں چنا کریں۔

بنگالی کہانی

محمد عبدالہادی صاحب نے بنگالی کہانی پیش کی۔
کسی زمانے میں بنگلہ دیش میں ایک ذہین طالب علم رہتا تھا۔ جس کا نام بشیر تھا۔
اس بچے کو بادشاہ بننے کا بہت شوق تھا۔ اس کا ایک استاد تھا جو اس کے ذہین ہونے کی وجہ سے اس سے بہت محبت کرتا تھا۔ اس کو کامیاب بنانے کے لئے ہر ممکن کوشش کرتا تھا۔ اس بچے نے دل ہی دل میں سوچا کہ اگر میں بادشاہ بنوں تو اپنے استاد کو اس احسان کا ضرور مناسب بدلہ دوں گا۔
چونکہ ہادی صاحب کو پڑھنے میں دشواری ہو رہی تھی اس لئے حضور انور نے فرمایا۔ میں نے اس کہانی کو مرمت لگائی تھی..... آپ بس ہی کریں بابا۔ یہاں سے باقی میں سنا دیتا ہوں۔
خدا کا کرنا ایسا ہوا کہ وہ لڑکا بادشاہ بن گیا۔ بادشاہ بننے کے بعد اس کو خیال آیا کہ میں نے اپنے استاد سے وعدہ کیا ہوا ہے کہ اس کو میں کوئی تحفہ پیش کروں گا۔ استاد سے اس نے پوچھا تو اس نے کہا میرے گھر کے سامنے مجھے صرف دو گز زمین دے دو میرے لئے یہی کافی ہے۔ اس نے کہا نہیں نہیں آپ کا اتنا بڑا احسان ہے اور میں صرف آپ کو دو گز زمین دوں۔
آپ آج سارا دن چلیں۔ سورج ڈوبنے تک جتنا چلیں گے۔ پٹواری وغیرہ ساتھ ہوں گے۔ وہ ساری زمین آپ کی ہو جائے گی۔ جب اس نے چلنا شروع کیا تو اس کے دل میں لالچ پیدا ہو گئی۔ اس نے سوچا میں اور زمین گھیر لوں۔ اور گھیروں اور گھیروں اور پھر تیز چلنا شروع کیا۔ پٹواریوں کا بھی ساتھ دوڑ دوڑ کے برا حال ہو گیا وہ ساتھ دوڑتے جاتے تھے اور زمین اس کے نام لکھتے جاتے تھے۔ چل چل کے شام ہونے کو آئی۔ وہ اتنا تیز دوڑا کہ آخر دوڑتے دوڑتے گر گیا اور مر گیا۔ پھر وہی دو گز زمین جو اس نے پہلے مانگی تھی۔ وہی قبر کے لئے اس کے کام آئی۔
یہ کہانی تھی بنگلہ دیش کی۔ جو طریقہ میں نے بتایا ہے اس طرح کہانیوں کو خود دلچسپ بنا کر پیش کیا کریں اور بے وجہ لمبائی میں نہ جایا کریں۔ فضول تفصیلیں چھوڑ دیا کریں۔ اور جس طرح میں نے بیان کیا ہے اس طرح کہانیاں بیان کیا کریں۔

اس کے بعد فرمایا۔
آج دو مہمان بچے بھی ہیں ان کا تعارف کروانا ہے۔ یہ دونوں بچے حضرت مولانا جلال الدین صاحب شمس کے پوتے تھے۔

خطوط

شمائلہ بٹ صاحبہ لکھتی ہیں۔ کہ ہمارے لئے بہت بہت دعا کریں۔ موٹا بچہ اور بڑا بچہ اور مریم کا بھائی بہت اچھے لگتے ہیں۔ ان بچوں سے کلاس میں بہت رونق ہے میرا دل چاہتا ہے میں کلاس میں آؤں۔ وجیہہ اور شوکت کو السلام علیکم۔
حضور انور نے فرمایا۔ آجائیں جب یہاں آئیں گی اس وقت ان کو موقعہ دیں گے۔

حیلے

پرانے زمانے میں حیلے بنانے کا رواج ہوتا تھا۔ مولویوں کے پاس یہ ایک فن تھا۔ کہ ایسے حیلے سے کام لو کہ جھوٹ بھی نہ ہو اور جو کوئی مشکل میں پھنسا ہوا ہو وہ بچ جائے۔
ایک دفعہ ایک شخص نے اپنی بیوی کو طلاق دے دی اور طلاقیں بھی تینوں اکٹھی دے کر اس کی چھٹی کروا دی۔ بعد میں مولوی کے پاس گیا کہ اب ہم دونوں میاں بیوی راضی ہو گئے ہیں کیونکہ مولویوں نے مسئلہ بنایا ہوا ہے کہ اگر تین دفعہ طلاق کہہ دو تو مسئلہ ختم ہو جاتا ہے اب ہماری واپسی کی تو کوئی راہ نظر نہیں آ رہی ہے۔
مولوی نے کہا یہ تو کوئی مشکل کام نہیں ہے تم پیسے نکالو یہ مسئلہ حل کئے دیتا ہوں۔ اس بے چارے کے پاس جو سو دو سو روپیہ تھا مولوی کو دے دیا اور کہا مولوی صاحب ترکیب بتائیں۔
مولوی نے پوچھا اچھا تم یہ بتاؤ کہ تم نے طلاق "ت" سے دی تھی کہ "ط" سے دی تھی۔ وہ ان پڑھ آدمی تھا اس کے منہ سے نکل گیا "ت" سے دی تھی۔ مولوی نے کہا۔
شکر کرو بچ گئے ہو کیونکہ "ت" سے تلاق کا مطلب ہوتا ہے "ملاقات" تم نے تو اپنی بیوی کو کہا تھا آؤ ہم ملاقاتیں کرتے ہیں۔ طلاق تو ہوئی ہی نہیں۔
اس طرح مولویوں نے پیسے کھانے کے بہانے بنائے ہوئے ہوتے ہیں۔ اور انہوں نے ایک "کتاب الحیل" لکھی ہوئی ہے۔ حیلے بہانے بنانے کی ایک پوری کتاب ہے۔ انہوں نے اس میں اتنا گند ڈالا ہوا ہے۔ کہ اس کو پڑھ کے آدمی حیران رہ جاتا ہے۔

خط

راحیلہ مجیب ربوہ ہمارے ایک مربی عبدالمجیب صاحب کی وقف نو بچی ہیں۔
انہوں نے لکھا ہے ہمیں اردو کلاس بہت پسند ہے شوکت باجی کی نظمیں بہت اچھی لگتی ہیں۔ آڈو صاحب' شوکت باجی جلیس ہمیں اچھے لگتے ہیں۔

آقا کے حضور!

تری خاطر عقیدت کے خزانے لے کے آئی ہوں
تری خاطر محبت کے فسانے لے کے آئی ہوں
مرے اہلِ وطن دیدار کو تیرے ترستے ہیں
میں ان کے داغ ہائے دل دکھانے لے کے آئی ہوں

جدائی لاکھ ہو لیکن محبت کا تقاضا ہے
ترا ہر حکم' ہر خواہش میں ہر لمحہ بجا لاؤں
جو نغمے پیار و الفت کے بکھیرے تو نے دھرتی پر
وہی نغمے محبت کے میں گاتی ہی چلی جاؤں

مرے آقا! اسی کشتی کے ہم بھی تو مسافر ہیں
ہمیں بھی منزلوں کا راستہ تم ہی دکھاتے ہو
جو طوفانِ الم چھائے ہوئے ہیں بحرِ ہستی پر
ہم ان سے کیسے بچ نکلیں یہ تم ہی تو بتاتے ہو

چراغِ مصطفیٰ سے سب دلوں کے دیپ روشن ہوں
یہی اک آرزو دل کو جلاتی ہے مرے مولا
وہ سب جو ظلمتوں میں راہ گم کردہ ہیں ان سب کو
بصد حیلہ' بصد منت بلاتی ہے مرے مولا

مبشرہ بشارت

Digitized by Khilafat Library Rabwah

محترم چوہدری حمید اللہ صاحب وکیل اعلیٰ۔ برائے ادارہ تحقیق عمل الترب

احمدی سائنسدانوں اور ماہرین کو ایک خاص تحریک

سائیکوکینائسز (PSYCHOKINESIS) یا "عمل الترب"

14۔ ستمبر 1998ء کو ایم ٹی اے پر نشر ہونے والے فرنچ زبان کے ایک پروگرام سوال و جواب میں حضور ایدہ اللہ تعالیٰ سے سوال کیا گیا کہ ٹیلی کینائسز (Telekinesis) یعنی ذہنی قوت سے کسی مادی چیز کو حرکت دینے کے متعلق ٹیلی ویژن پر ایک پروگرام نشر ہوا ہے جس میں آخر کار یہ نتیجہ اخذ کیا گیا کہ اس طرح کی کوئی قوت موجود نہیں ہے اور نہ ہی اس طرح کے بیان کئے گئے واقعات کی کوئی سائنسی توضیح ہے۔

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے استفسار پر عرض کیا گیا کہ یہ بات امریکن سائنسدانوں کی ایک جماعت نے کہی ہے۔

امریکن سائنسدانوں میں اختلاف

اس سوال کے جواب میں حضور ایدہ اللہ تعالیٰ نے نہایت جامع جواب ارشاد فرمایا کہ امریکن سائنسدانوں کی دیگر متعدد جماعتیں اس کے قطعی برعکس کہتی ہیں۔ آپ کس پر یقین کریں گے؟ آپ جانتے ہیں کہ دنیا دو بڑے گروہوں میں بٹی ہوئی ہے۔ ماننے والے اور نہ ماننے والے۔ دونوں گروہ ایک ہی مشاہدہ سے نتائج بالکل مختلف اخذ کرتے ہیں۔ یہاں بھی وہی معاملہ ہے۔

حضور نے فرمایا کہ میں ذاتی طور پر سمجھتا ہوں کہ ان میں سے کسی پر یقین کرنے کی بجائے ہمیں اپنے نقطہ نظر سے خود تحقیقات کرنا چاہئے کیونکہ عین ممکن ہے کہ کچھ لوگ اپنی من پسند سوچ کے مطابق جلد بازی سے کوئی نتیجہ اخذ کریں۔ یہ بھی ممکن ہے کہ کچھ لوگ ایسے مظاہرے میں بصری فریب مانتے ہوں اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ ایسا مظاہرہ ٹی وی پر نشریاتی دھوکہ دہی ہو۔

احمدی سائنسدانوں اور ماہرین کو تحریک

فرمایا۔ "بہت سارے واقعاتی شواہد ہیں جن کی وضاحت آسان نہیں۔ بدقسمتی سے ایسے واقعات کا سائنسدانوں کی غیر جانبدار جماعتوں نے کبھی مطالعہ نہیں کیا اس لئے میرا خیال ہے کہ ہمیں اپنے نقطہ نظر کے مطابق خود ایسے تجربات اکٹھے کرنے چاہئیں۔ طبعاً احمدی سائنسدان غیر جانبدار اور صاف گو ہوں گے۔ چنانچہ ان کے جمع کردہ دستاویزی حقائق کو یقینی انداز میں شائع کیا جا سکتا ہے اور ایسا کر گزرنا بلاشبہ سائنس اور سائیکو کینائسز (Psychokinesis) کے سلسلہ میں گرانقدر خدمت ہوگی۔"

چند مصدقہ شواہد

اس مرحلہ پر حضور ایدہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ "اب میں کچھ ایسے شواہد کی نسبت بتاتا ہوں جو یقیناً چند قابل اعتبار احمدیوں کے ذریعہ حاصل ہوئے مگر افسوس کہ یہ سائنس دانوں کے تنقیدی جائزہ کے لئے میسر نہیں تھے۔" حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے محترم صاحبزادہ مرزا منیر احمد صاحب کا بیان کردہ واقعہ پیش کرتے ہوئے فرمایا..... "اس واقعہ کو دیکھنے والے کئی اور بھی گواہ موجود تھے جس کی میں نے خود بھی تحقیق کی اس لئے یہ واقعہ صرف ایک ذریعہ سے مذکور نہیں بلکہ متعدد لوگوں نے اسے دیکھا۔ لہٰذا آپ اسے من گھڑت بات نہیں کہہ سکتے اس لئے جہاں تک ہمارا تعلق ہے یہ ایک مصدقہ بات ہے۔"

مری میں ایک ڈاکٹر ہوا کرتے تھے جنہیں یہ ماورائے حواس قوت (E.S.P) حاصل تھی۔ یہ قوت بعض لوگوں میں خداداد ہوتی ہے یعنی وہ اس کے لئے کوئی تگ و دو نہیں کرتے۔ ڈاکٹر صاحب کا بھی یہی معاملہ تھا تاہم انہوں نے اس کی مشق کی اور محسوس کیا کہ ان میں یہ قوت پائی جاتی ہے۔ پھر انہوں نے اس سلسلہ میں طویل ریاضت کی جس پر وقت بھی بہت خرچ ہوتا اور صحت پر بھی گہرا اثر پڑتا تھا۔

ہر تجربہ پر ڈاکٹر صاحب موصوف کا کچھ وزن کم ہو جاتا گویا ان کی کچھ قوت اس چیز میں منتقل ہو جاتی جس پر وہ توجہ مرکوز کرتے۔ مگر یہ ہوتا کس طرح تھا! اس کی سائنسدان کوئی توضیح نہیں کر سکتے۔ حتیٰ کہ وہ سائنسدان جو ایسے تجربات کو یقیناً جانتے ہیں اور میں نے ان کی بکثرت کتابیں پڑھی ہیں۔ حالانکہ وہ بڑے پایہ کے سائنسدان ہیں مگر وضاحت کی بات آئی تو وہ کوئی توضیح نہیں کر سکے۔ چنانچہ اب تک یہ دریافت نہیں ہو سکا کہ ایسا کیوں اور کیسے وقوع پذیر ہوتا ہے۔

ایک معین واقعہ

حضور نے فرمایا کہ "اب میں معین طور پر بتاتا ہوں کہ انہوں نے کیا تجربہ کیا۔ وہ ڈاکٹر میاں صاحب کا دوست تھا اور بعض دیگر دوستوں اور عزیزوں کے سامنے اس نے اپنی اس قوت کے مظاہرہ کا فیصلہ کیا۔ اس نے بعض چیزوں مثلاً چمچ پر اپنی توجہ مرکوز کی اور وہ چمچ اوپر بلند ہو کر صاحبزادہ مرزا منیر احمد صاحب کی طرف حرکت کرنے لگا مگر جونہی ڈاکٹر نے توجہ کا عمل روکا، چمچ گر گیا۔

انتہائی حیرت انگیز چیز جو اس قسم کے اور لوگوں سے میں نے دیکھی نہ سنی۔ وہ اتنا اس قوت میں ماہر تھا کہ چینی کی پلیٹ تک کو اٹھا سکتا تھا۔ چنانچہ اس نے اپنے مرکوز عمل سے چینی کی ایک پلیٹ (فضا میں) بلند کی جو محترم میاں صاحب کی طرف حرکت کرنے لگی جو میز کی دوسری طرف بیٹھے ہوئے تھے۔ جونہی یہ پلیٹ میز کو عبور کرتے ہوئے دوسری طرف پہنچی وہ ڈاکٹر اپنی توجہ کا عمل برقرار نہ رکھ سکا۔ یہ عمل انتہائی مشقت طلب تھا اور پلیٹ بھی اتنی وزنی تھی کہ تمام تر ذہنی قوت سے وہ اسے سہار نہ سکا چنانچہ ایک دھماکے کے ساتھ پلیٹ نیچے گری اور اس کے ٹکڑے ٹکڑے ہو گئے۔"

بحث طلب مسئلہ

حضور نے فرمایا کہ "اب ہمارے سامنے یہ ایک ٹھوس ثبوت ہے کیونکہ ایسے لوگوں کا اپنی قوت توجہ کو استعمال میں لانا عین ممکن ہے۔ سائنسدان اس قسم کے نظام توجہ کو نہیں مانتے۔ وہ کہتے ہیں کہ جب کیمرہ تصویر کشی کرتا ہے تو وہ بھی ایسی فلم بنا لیتا ہے۔ پس ایسا محض عمل توجہ کے اثر سے نہیں ہوتا بلکہ یہ ابھی تک بحث طلب مسئلہ ہے۔ میرا مطلب ہے کہ لوگ اس کی تائید اور مخالفت دونوں طرح کی باتیں کر رہے ہیں۔ تاہم میں تو ایک معین واقعہ کی بات کر رہا ہوں۔ اس کی کیمرہ سے تصویر کشی نہیں ہوئی نہ ہی اس میں کسی چالاکی کا دخل ہے مگر پلیٹ نیچے گری اور ٹکڑے ٹکڑے ہو گئی۔ پھر انہوں نے وہ ٹکڑے جمع کئے جو کبھی اپنی اصل حالت میں جوڑے نہ جا سکے۔"

دربار فرعون کے جادوگر

فرمایا کہ "جہاں تک فرعون کے دربار میں جادوگروں کا معاملہ ہے، انہوں نے لوگوں کی نظروں کو فریب دیا یا مسحور کر دیا اور جب اس سحر یا فریب کو الٰہی قدرت نے توڑ دیا تو تمام چھڑیاں، لاٹھیاں اور رسے اپنی اصل شکل میں لوٹ آئے۔ پس دیکھیں کہ جو میں کہہ رہا ہوں اس کے حق میں یہ ٹھوس ثبوت ہے۔"

مزید تجربات کی دعوت

اس جواب کے آخر میں حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا کہ مزید سائنسی تجربات کی ضرورت ہے تاکہ وڈیو گرافی کے ذریعہ ہر چیز کے متعلق ہمیں سو فیصد یقین ہو جائے۔ آپ نہیں جانتے کہ وہ کیا کیا کرتب (یا فریب) دکھا سکتے ہیں۔ بعض اوقات وہ کہتے ہیں کہ وڈیو کیمرہ اس واقعہ کی منظر کشی کر رہا تھا حالانکہ انہوں نے اس واقعہ کو پہلے سے ریکارڈ کر رکھا تھا۔ یہ سب کچھ تو ایسے ہی چلتا ہے۔ میں چاہتا ہوں کہ ہمیں خود اپنے ہی تجربات کرنے چاہئیں۔ جن میں سو فیصد ایمان داری موجود ہو۔"

ہمارا نقطہ نظر!

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ نے ٹیلی کینائسز کے متعلق اس اہم سوال کا نہایت جامع جواب دیتے ہوئے تحریک فرمائی ہے کہ:۔

"ہمیں اپنے نقطہ نظر کے مطابق خود ایسے تجربات اکٹھے کرنے چاہئیں۔ طبعاً احمدی سائنسدان غیر جانبدار اور صاف گو ہوں گے چنانچہ ان کے جمع کردہ دستاویزی حقائق کو یقینی انداز میں شائع کیا جا سکتا ہے اور ایسا کر گزرنا بلاشبہ سائنس اور سائیکو کینسائز کے سلسلہ میں گرانقدر خدمت ہوگی۔"

اب سوال یہ ہے کہ ہمارا نقطہ نظر کیا ہے؟ خوش قسمتی سے بانی جماعت احمدیہ سیدنا حضرت مسیح موعود کے الفاظ میں ہمارا نقطہ نظر خوب واضح ہے۔ آپ کی معروف کتاب ازالہ اوہام بحوالہ روحانی خزائن جلد نمبر 3 کے ص 251 سے ص 263 تک حاشیہ میں ایک تفصیلی نوٹ سے چند اقتباسات ذیل میں درج ہیں تاہم مضمون کو پوری طرح سمجھنے کے لئے مکمل نوٹ کا مطالعہ ضروری ہے۔ آپ نے اس علم اور فن پر تبصرہ کے ساتھ ساتھ انبیاء کرام علیہم السلام کی دعا اور معجزات کا امتیاز بھی واضح فرمایا ہے نیز فرمایا کہ الہامی طور پر آپ کو اس کا نام عمل الترب بتایا گیا ہے۔ اس موضوع پر آپ کے ارشادات آپ کی بعض دیگر کتب اور ملفوظات میں بھی بیان ہیں۔

Digitized by Khilafat Library Rabwah

"عمل الترّب" الہامی نام ہے

"یہ جو میں نے مسمریزمی طریق کا عمل الترب نام رکھا.... یہ الہامی نام ہے اور خدا تعالیٰ نے مجھ پر ظاہر کیا کہ یہ عمل الترب ہے اور اس عمل کے عجائبات کی نسبت یہ بھی الہام ہوا ھذا ھو الترب الذی لا یعلمون۔ یعنی یہ وہ عمل الترب ہے جس کی اصل حقیقت کی زمانہ حال کے لوگوں کو کچھ خبر نہیں۔ ورنہ خدا تعالیٰ اپنی ہریک صفت میں واحد لاشریک ہے اپنی صفات الوھیت میں کسی کو شریک نہیں کرتا۔"

(ازالہ اوہام۔ روحانی خزائن جلد 3 ص 259)

"عمل الترّب" پر "تذکرہ" میں اہم نوٹ

تذکرہ ایڈیشن چہارم ص 180 ایک اہم تشریحی نوٹ درج ہے جو من و عن پیش خدمت ہے۔

ترب کے معنی لغت میں ہم عمر یا مثیل کے لکھے ہیں۔ مگر اس لفظ میں تراب کی طرف بھی اشارہ ملتا ہے۔ حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں۔

(ترجمہ از مرتب) لفظ تراب ترب سے ماخوذ ہے اور عربوں کے نزدیک ترب الشئی کے معنی ہیں وہ چیز جو اس کے ساتھ پیدا ہو۔ اور ثعلب کا قول ہے کہ کسی چیز کی ترب وہ ہے جو خوبی میں اس کی مانند ہو۔ پس ان دونوں معنوں کی رو سے مٹی کا نام تراب اس لئے رکھا گیا کہ وہ پیدائش میں آسمان کی ہم عمر یا مثیل ہے کیونکہ زمین ابتدائی زمانہ میں آسمان کے ساتھ ہی پیدا ہوئی ہے اور وہ دونوں اللہ تعالیٰ کی صنعت کے اقسام میں مشابہ ہیں۔"

(انجام آتھم ص 262 حاشیہ)

پس اس رو سے وحی الٰہی میں اس طرف اشارہ ہے کہ یہ علم زمینی ہے نہ کہ آسمانی۔ اسے وہی لوگ استعمال کرتے ہیں۔ جو روحانیت سے کم حصہ رکھتے ہیں۔ چنانچہ حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں۔

اولیاء اور اہل سلوک کی تواریخ اور سوانح پر نظر ڈالنے سے معلوم ہوتا ہے کہ کاملین ایسے عملوں سے پرہیز کرتے ہیں مگر بعض لوگ اپنی ولایت کا ایک ثبوت بنانے کی غرض سے یا کسی اور نیت سے ان مشقوں میں مبتلا ہو گئے تھے۔

ازالہ اوہام صفحہ 300 حاشیہ)

اور علم الترب یا مسمریزم وہ علم ہے جس کے ذریعہ انسان بعض طبعی قواعد کے ماتحت اپنی روح کی گرمی دوسری چیزوں پر ڈال کر کسی حد تک انہیں گویا اپنا مماثل کر دکھاتا ہے۔ یہاں تک کہ ایک مسمریز دوسرے شخص سے وہی بات کہلواتا یا دکھلاتا ہے۔ جو خود کہنا یا دیکھنا چاہتا ہے۔ بلکہ اس علم کی قوت سے بے جان چیزوں سے بھی وہ حرکات صادر ہوتی ہیں۔ جو زندوں سے تعلق رکھتی ہیں۔ چونکہ اس علم میں روح طبعی سے کام لیا جاتا ہے۔ اور یہ کسی حد تک اپنی ظاہری صورت میں روحانی علم سے مشابہت رکھتا ہوا نظر آتا ہے اس لئے گویا اس کا مثیل ہے۔ مگر در اصل یہ زمینی ہے نہ کہ آسمانی۔ جس کا وحی الٰہی نے انکشاف فرمایا۔ حقیقت میں اس علم کا روحانیت سے کوئی تعلق نہیں۔ بلکہ ایک دنیا دار اور بد عمل انسان بھی اس علم میں ویسے ہی مہارت پیدا کر سکتا ہے جیسے مومن متقی۔

ترب کے دوسرے معنی ہم عمر کے ہیں۔ جب ہم عمل الترب کی ابتدائی تاریخ پر نظر ڈالتے ہیں۔ تو اس کی عمر بھی مذہب کی ہم عمر معلوم ہوتی ہے جب سے انبیاء علیہم السلام مبعوث ہو کر آسمانی تعلیم پیش فرماتے رہے ہیں۔ ان کے مقابل مادی علوم کے دلدادے نفسیاتی علوم کے ان شعبدات کے ذریعہ ہمیشہ عوام کو اپنی طرف مائل کر کے آسمانی تحریک سے روکتے رہے ہیں۔ اور اپنے زمانہ کے نبی کو بھی انہی زمینی علوم کا حامل ظاہر کر کے اسے ساحر کہتے آئے ہیں۔

(مرتب)

عمل الترب کے عجائبات

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں۔

(الف) "عمل الترب" میں جس کو زمانہ حال میں مسمریزم کہتے ہیں' ایسے ایسے عجائبات ہیں کہ اس میں پوری پوری مشق کرنے والے اپنی روح کی گرمی دوسری چیزوں پر ڈال کر ان چیزوں کو زندہ کے موافق کر دکھاتے ہیں۔ انسان کی روح میں کچھ ایسی خاصیت ہے کہ وہ اپنی زندگی کی گرمی ایک جماد پر جو بالکل بے جان ہے ڈال سکتی ہے۔ تب جماد سے وہ بعض حرکات صادر ہوتی ہیں جو زندوں سے صادر ہوا کرتی ہیں۔ راقم رسالہ ہذا نے اس علم کے بعض مشق کرنے والوں کو دیکھا ہے جو انہوں نے ایک لکڑی کی تپائی پر ہاتھ رکھ کر ایسا اپنی حیوانی روح سے اسے گرم کیا کہ اس نے چارپایوں کی طرح حرکت کرنا شروع کر دیا اور کتنے آدمی گھوڑے کی طرح اس پر سوار ہوئے اور اس کی تیزی اور حرکت میں کچھ کمی نہ ہوئی۔ سو یقینی طور پر خیال کیا جاتا ہے کہ اگر ایک شخص اس فن میں کامل مشق رکھنے والا مٹی کا ایک پرندہ بنا کر اس کو پرواز کرتا ہوا بھی دکھا دے تو کچھ بعید نہیں کیونکہ کچھ اندازہ نہیں کیا گیا کہ اس فن کے کمال کی کہاں تک انتہاء ہے اور جب کہ ہم بچشم خود دیکھتے ہیں کہ اس فن کے ذریعہ سے ایک جماد میں حرکت پیدا ہو جاتی ہے اور وہ جانداروں کی طرح چلنے لگتا ہے تو پھر اگر اس میں پرواز بھی ہو تو بعید کیا ہے۔ مگر یاد رکھنا چاہئے کہ ایسا جانور جو مٹی یا لکڑی وغیرہ سے بنایا جاوے اور عمل الترب سے اپنی روح کی گرمی اس کو پہنچائی جاوے وہ در حقیقت زندہ نہیں ہوتا بلکہ بدستور بے جان اور جماد ہوتا ہے صرف عامل کے روح کی گرمی بارود کی طرح اس کو جنبش میں لاتی ہے۔"

(ازالہ اوہام۔ روحانی خزائن جلد 3 ص 256)

(ب) "اس جگہ یہ بھی جاننا چاہئے کہ سلب امراض کرنا یا اپنی روح کی گرمی جماد میں ڈال دینا در حقیقت یہ سب عمل الترب کی شاخیں ہیں۔ ہریک زمانہ میں ایسے لوگ ہوتے رہتے ہیں اور اب بھی ہیں جو اس روحانی عمل کے ذریعہ سے سلب امراض کرتے رہے ہیں اور مفلوج' مبروص' مدقوق وغیرہ ان کی توجہ سے اچھے ہوتے رہے ہیں۔ جن لوگوں کے معلومات وسیع ہیں وہ میرے اس بیان پر شہادت دے سکتے ہیں کہ بعض فقراء نقشبندی و سہروردی وغیرہ نے بھی ان مشقوں کی طرف بہت توجہ کی تھی اور بعض ان میں یہاں تک مشاق گزرے ہیں کہ صدہا بیماروں کو اپنے یمین و یسار میں بٹھا کر صرف نظر سے اچھا کر دیتے تھے اور محی الدین ابن عربی صاحب کو بھی اس میں خاص درجہ کی مشق تھی۔ اولیاء اور اہل سلوک کی تواریخ اور سوانح پر نظر ڈالنے سے معلوم ہوتا ہے کہ کاملین ایسے عملوں سے پرہیز کرتے رہے ہیں مگر بعض لوگ اپنی ولایت کا ایک ثبوت بنانے کی غرض سے یا کسی اور نیت سے ان مشغلوں میں مبتلا ہو گئے تھے۔"

(ازالہ اوہام۔ روحانی خزائن جلد 3 ص 257)

(ج) "ہمارے نزدیک ممکن ہے کہ عمل الترب کے ذریعہ سے پھونک کی ہوا میں وہ قوت پیدا ہو جائے جو اس دخان میں پیدا ہوتی ہے جس کی تحریک سے غبارہ اوپر کو چڑھتا ہے۔ صانع فطرت نے اس مخلوقات میں بہت کچھ خواص مخفی رکھے ہوئے ہیں۔ ایک شریک صفات باری ہونا ممکن نہیں اور کون سی صنعت ہے جو غیر ممکن ہے۔"

(ازالہ اوہام روحانی خزائن جلد 3 ص 262)

انبیاء علیہم السلام کی دعا اور معجزات

(الف) "توجہ اور انبیاء علیہم السلام کی دعا میں عظیم الشان فرق ہوتا ہے۔ وہ توجہ جو مسمریزم والے کرتے ہیں' وہ ایک کسب ہے اور وہ توجہ جو دعا سے پیدا ہوتی ہے ایک موہبت الٰہی ہے۔ نبی جبکہ بنی نوع کی ہمدردی سے متاثر ہو جاتا ہے تو خدا تعالیٰ اس کی فطرت کو ہمہ توجہ بنا دیتا ہے اور اس میں قبولیت کا نفخ رکھ دیتا ہے۔"

(ملفوظات جلد اول ص 391)

(ب) "معجزہ کی حقیقت یہ ہے کہ خدا تعالیٰ ایک امر خارق عادت یا ایک امر خیال اور گمان سے باہر اور امید سے بڑھ کر ایک اپنے رسول کی عزت اور صداقت ظاہر کرنے کے لئے اور اس کے مخالفین کی عجز اور مغلوبیت جتلانے کی غرض سے اپنے ارادہ خاص سے یا اس رسول کی دعا اور درخواست سے آپ ظاہر فرماتا ہے مگر ایسے طور سے جو اس کی صفات وحدانیت و تقدس و کمال کے منافی و مغائر نہ ہو اور کسی دوسرے کی وکالت یا کارسازی کا اس میں کچھ دخل نہ ہو۔"

(ازالہ اوہام۔ روحانی خزائن جلد 3 ص 261)

(ج) "بہت لوگ اس وسوسہ میں مبتلا ہو جاتے ہیں کہ اگر کسی نبی کے دعا کرنے سے کوئی مردہ زندہ ہو جائے یا کوئی جماد جاندار بن جائے تو اس میں کونسا شرک ہے۔ ایسے لوگوں کو جاننا چاہئے کہ اس جگہ دعا کا کچھ ذکر نہیں اور دعا کا قبول کرنا یا نہ کرنا اللہ جلشانہ کے اختیار میں ہوتا ہے اور دعا پر جو فعل مترتب ہوتا ہے وہ فعل الٰہی ہوتا ہے نبی کا اس میں کچھ دخل نہیں ہوتا اور نبی خواہ دعا کرنے کے بعد فوت ہو جائے نبی کے موجود ہونے یا نہ ہونے کی اس میں کچھ حاجت نہیں ہوتی۔ غرض نبی کی طرف سے صرف دعا ہوتی ہے جو کبھی قبول اور کبھی رد بھی ہو جاتی ہے"

(ازالہ اوہام۔ روحانی خزائن جلد 3 ص 262)

دلچسپی رکھنے والے احباب

سیدنا حضرت مسیح موعود کے ارشادات میں اس علم کے خدوخال واضح ہیں۔ دوسری طرف سائنسدان اور مختلف علوم کے ماہرین نت نئی معلومات سامنے لا رہے ہیں چنانچہ اس سلسلہ میں نفسیات' حیاتیات' طبیعات' نیز علم توجہ' مسمریزم اور ہپناٹزم وغیرہ میں دلچسپی رکھنے والے دوست بہت کچھ کر سکتے ہیں۔

حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ارشاد کی تعمیل میں حضور کی منظوری سے "ادارہ تحقیق عمل الترب" کے نام سے خاکسار کی زیر نگرانی معلومات جمع کرنے کا کام شروع ہو چکا ہے اس لئے مناسب ہو گا کہ جو احباب اس بارہ میں کچھ معلومات یا تجربہ رکھتے ہوں' وہ اپنی معلومات اور تجربات سے مطلع فرمائیں تاکہ مصدقہ اور قابل اعتبار حقائق و شواہد ایک جگہ جمع ہو سکیں۔

زیارت ربوہ واقفین نو تلونڈی موسیٰ خاں ضلع گوجرانوالہ

○ مورخہ 5۔ اگست 99ء کو واقفین نو تلونڈی موسےٰ خاں ضلع گوجرانوالہ کا ایک وفد مکرم عبدالناصر منصور صاحب مربی سلسلہ کے ہمراہ ربوہ پہنچا۔ وفد کے قیام و طعام کا انتظام دارالضیافت میں کیا گیا۔ اس وفد میں 22 واقفین نو 18 مستورات اور 3 مرد حضرات نے شرکت کی۔ وفد نے اپنے قیام کے دوران ربوہ کے قابل دید مقامات اور دفاتر دیکھے اور دریائے چناب کا وزٹ کیا۔ وفد نے دفتر وکالت وقف نو کا بھی دورہ کیا جہاں ان کا جائزہ لیا گیا اور ہدایات دی گئیں۔

مورخہ 6۔ اگست بعد نماز جمعہ وفد ربوہ کی نیک یادیں لئے واپس روانہ ہوا۔

(وکالت وقف نو)

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆

صدقہ جاریہ کا ثواب

○ (ارشاد حضرت مصلح موعود)

"تحریک جدید کے چندے سے وہ کام ہو رہے ہیں جو صدقہ جاریہ کی ایک مستقل حیثیت رکھتے ہیں"

(پانچہزاری کتاب نمبر 15)

صدقہ جاریہ کے ثواب کے خواہش مند مخلصین جماعت تحریک جدید کے مالی جہاد میں زیادہ سے زیادہ حصہ لیں۔

(وکیل المال اول تحریک جدید)

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆

Digitized by Khilafat Library Rabwah

ہومیوڈاکٹر نذیر احمد مظہر صاحب

آزمودہ تجربات کا مرقع

روزگار بھی مہنگائی کا توڑ بھی

مختلف اشیاء کی تیاری کے طریق

اگر آپ ہمت کریں تو یہ اشیاء تجارتی بنیادوں پر تیار کر کے مارکیٹ میں لا سکتے ہیں

آج کل مہنگائی و بے روزگاری بالخصوص تعلیم یافتہ طبقے کے لئے بہت بڑھ چکی ہے جو ہمارے معاشرہ کو ذہنی اور نفسیاتی بیماریوں میں مبتلا کر رہی ہے بے روزگاری اور مہنگائی ملک کے نوجوان طبقے میں تو جرائم کے ارتکاب کا رجحان بھی پیدا کر رہی ہے خدا کا فضل ہے کہ احمدی نوجوان اس سے بچے ہوئے ہیں۔ ان چیزوں کے خاتمہ کے لئے ہم نے ہنر اور فن سکھانے کے لئے اور معاشرے کو ذہنی و جسمانی آسودگی مہیا کرنے کے لئے یہ مضمون تحریر کیا ہے۔ اس کی مدد سے جہاں روزگار کے مواقع میسر آ سکتے ہیں وہاں ہر گھر میں روزمرہ کے استعمال کی یہ چیزیں سستے داموں تیار کر کے کمر توڑ مہنگائی سے نجات حاصل کی جا سکتی ہے صاحب فن و ہنر احباب کی خدمت میں مؤدبانہ التماس ہے کہ نہایت فراخدلی کے ساتھ جو فن بھی وہ جانتے ہوں اسے عوام الناس کی بھلائی کی خاطر خرچ کریں۔

قرآن کریم نے مومنوں کی یہ صفت بیان فرمائی ہے کہ ان کو اللہ نے جو بھی دیا ہے وہ اسے اللہ کی راہ میں خرچ کرتے ہیں۔ اور اللہ کی رضا پاتے ہیں۔

آج ہم زیر نظر مضمون میں درج ذیل فنون کے بارے میں کچھ بیان کریں گے۔ یہاں یہ وضاحت کرنا بہت ضروری ہے کہ ہمارا تعلق میڈیکل کے شعبہ سے ہے اور ان فنون سے متعلق معلومات حاصل کر کے کیمیائی اجزاء منگوا کر وقت کے علاوہ ہزار ہا روپے خرچ کر کے تجربات کیے ہیں اور جن تجربات کو اور فارمولوں کو مفید پایا ہے صرف انہی کو قارئین کی خدمت میں بغرض دعا پیش کر رہے ہیں۔

چونکہ ہمارے ہاں ملاوٹ کا عام رجحان پایا جاتا ہے اور ملاوٹ شدہ اجزاء سے معیاری چیزیں تیار نہیں ہو سکتیں پس ہم نے خالص اجزاء کے حصول کی قابل اعتماد جگہیں نہایت محنت، وقت و پیسہ خرچ کر کے تلاش کی ہیں تاکہ قارئین ان صعوبتوں سے بچ سکیں ورنہ ہمارا ان اداروں سے کوئی مطلب نہیں ہے قارئین سے یہ بھی گزارش ہے کہ وہ خوب سے خوب تر اداروں کی تلاش جاری رکھیں اور ہر قسم کی مفید معلومات سے دوسرے بھائیوں کو آگاہ کریں۔

فارمولہ ہیر کلر

اجزائے نسخہ:۔ اور قیمتیں فی کلو

نمبر 1۔ ڈائمنڈ پیرا فین (Diamond Parafin) 100 گرام (ریٹ فی کلو 450 روپے۔)

نمبر 2۔ بیریم پراوکسائیڈ (Barium Peroxide) 200 گرام ریٹ (فی کلو 120 روپے)

نمبر 3۔ ٹاٹارک ایسڈ (Tataric Acid) 100 گرام ریٹ (فی کلو 140 روپے)

نمبر 4۔ سی ایم سی (C.M.C) 150 گرام ریٹ (فی کلو 160 روپے)

ٹالکم پوڈر (Talc.Powder) 500 گرام ریٹ 3 تا 10 روپے فی کلو گرام۔

ترکیب تیاری:۔ نمبر 1۔ کو کسی سائے دار جگہ میں بیٹھ کر باریک پیس لیں دھوپ اور روشنی میں رنگ خراب ہونے کا خطرہ ہے۔ نیز اس کیمیکل کو گہرے براؤن رنگ کی شیشی میں رکھا جائے بقیہ تمام کیمیکل نمبر 1 میں بخوبی ملا لیں یہ یاد رہے کہ اس تیار شدہ مواد کو گہرے رنگ کی براؤن شیشیوں میں برائے فروخت پیک کیا جائے ورنہ رنگ خراب ہو جائے گا۔ ٹالکم پوڈر صرف حجم بڑھانے کے لئے ملایا جاتا ہے۔ ورنہ عملاً اس کا کوئی فائدہ نہیں خاکسار کے تجربہ کے مطابق اگر نہ ملایا تو زیادہ بہتر نتائج برآمد ہوتے ہیں۔

ترکیب استعمال:۔ بالوں کو اچھی طرح صابن سے دھو لیں اور خشک کریں اور یہ کلر برش کی مدد سے شیشے یا چینی کے برتن میں گاڑھا حل کر کے بالوں کی جڑوں تک لگائیں۔ خشک ہونے پر تیل لگا کر اچھی طرح دھو ڈالیں۔ بال نہایت چمکیلے سیاہ اور خوبصورت نکلیں گے۔

احتیاط:۔ دیگر ہیئر کلر کی طرح یہ ہیئر کلر بھی بعض لوگوں کو الرجی کی علامات پیدا کر سکتا ہے۔ لہٰذا پہلے جلد کے کسی حصہ پر لگا کر الرجی چیک کر لیں۔ اور پھر استعمال کریں تھوڑی بہت الرجی کی علامت کی صورت میں لگانے سے پہلے کوئی دافع الرجی دوا مثلاً ٹیبلٹ ٹے وی جل یا انسیڈال یا اے ول استعمال کریں اور پھر استعمال میں لائیں۔

جو لوگ اسے کاروبار کے طور پر اپنانا چاہیں ان کے لئے نہایت منافع بخش کاروبار ہے۔

تجربہ سے ثابت ہوا ہے کہ یہ کلر بالوں کو بہت جلد کالا کرتا ہے اسے زیادہ مقدار میں نہ لگانا چاہئے نیز زیادہ دیر تک بھی نہ لگانا چاہئے جونہی قدرے خشک ہو دھو ڈالیں ورنہ جلد میں جذب ہو کر خراش پیدا کر سکتا ہے۔

اجزا کے ملنے کا پتہ:۔ اکبری سٹور پرائیویٹ لمیٹڈ کیمیکلز ڈیلرز 53 سرکلر روڈ بیرون اکبری گیٹ لاہور فون نمبر 15-7639511

ان اجزاء کے حصول کے لئے نیشنل کیمیکل و خواجہ کیمیکل ریل بازار فیصل آباد سے بھی رابطہ قائم کیا جا سکتا ہے۔

نسخہ برائے شوپالش

اجزائے نسخہ نمبر 1۔ بیزویکس (شہد کے چھتے کی موم) 1125 گرام (Beeswax)

نمبر 2۔ کارنوبا ویکس کالی (Carnoba. Wax black) 562 گرام۔

نمبر 3۔ کاسٹک سوڈا Caustic Soda 200 گرام۔

عام دوکانوں سے مل سکتا ہے۔

نمبر 4۔ روغن تارپین 5 لیٹر

نمبر 5۔ نگروسین (سیاہ رنگ) Nigrosine 35 گرام

ترکیب تیاری نمبر 1۔ اور نمبر 2 کو واٹر باتھ پر پگھلائیں یعنی کھلے منہ کے بڑے برتن میں پانی ابالیں اور اس کے اندر ایک اور برتن میں دونوں اجزاء رکھ کر پگھلائیں جب پگھل جائیں تو کاسٹک سوڈا تھوڑا تھوڑا ڈالتے جائیں جب صابن کی طرح سفید ہو جائے اور شہد کی طرح گاڑھا معلوم ہو تو اس میں تارپین کا تیل جس میں نگروسین پہلے سے ملایا گیا ہو ملا لیں اور نیچے اتار کر پھینٹتے جائیں تاکہ خوب گاڑھی ہو جائے۔

براؤن پالش بنانے کے لئے براؤن کلر استعمال کریں۔

احتیاط نمبر 1۔ روغن تارپین کو آگ کے نزدیک نہ لائیں کیونکہ اس کو آگ جلدی پکڑتی ہے۔

نمبر 2۔ اجزا جس قدر خالص ہوں گے رزلٹ اسی قدر بہتر ہو گا غیر خالص اجزاء اور اوزان میں کمی بیشی سے رزلٹ خراب ہو سکتا ہے نگروسین آئی سی آئی کمپنی کا ہونی چاہئے۔

نگروسین آئل

یہ کالی پالش کے لئے کالا رنگ ہے ساختہ کمپنی (I.C.I) ریٹ فی سو گرام 100 روپے۔

نسخہ شوپالش اور اس کے کیمیکلز کی قیمتیں اور ملنے کا پتہ

ملنے کا پتہ بشیر احمد رنگ والے اکبری منڈی لاہور فون 7667169 یا وحدت کلر اینڈ کیمیکل کمپنی اندرون اکبری گیٹ لاہور فون نمبر 7660851

ریٹ کارنوبا ویکس کالی فی کلو 325 روپے

پتہ۔ الفا ٹریڈرز کیمیکل ڈیلرز 53 سرکلر روڈ 10.S اکبری گیٹ لاہور فون نمبر 7639721۔

بیزویکس ریٹ (ویکس ایرانی) (ایرانی موم) 40 روپے فی کلو

پتہ۔ ہمالیہ کلر اینڈ کیمیکل کمپنی نمبر 1 لال مقصود مارکیٹ 57 سرکلر روڈ بیرون اکبری گیٹ لاہور فون نمبر 761278

(روغن تارپین خالص) 90 روپے فی لیٹر۔

پتہ۔ نیو ملک ٹریڈرز لال مقصود مارکیٹ 57 سرکلر روڈ S.O۔ او۔ ایس اکبری منڈی لاہور۔

ٹالکم پوڈر بنانے کا فارمولا

(ریٹ ٹالکم پوڈر 3 تا 10 روپے فی کلو گرام)

ماربل پوڈر اعلیٰ کوالٹی 95 تا 97 حصہ

کنسٹریٹڈ پرفیوم آئل حسب پسند 3 تا 5 حصے

باہم ملا لیں اور پیک کر لیں۔

قیمت 50 تا 140 روپے فی 30 ایم ایل

سپرے پرفیوم بنانے کا فارمولا

کنسٹریٹڈ پرفیوم آئل 3 تا 5 تا 20 حصے

الکوحل جس کا تجارتی نام 20-T ہے اور کیمیائی نام میتھانول (Methanol) ہے

95 تا 97 تا 80 حصے باہم ملا لیں اور سپرے کی شیشی میں بھر لیں ریٹ T.20 50 روپے فی لیٹر۔

خوشبودار روغن بنانا

کنسٹریٹڈ پرفیوم آئل 3 تا 5 تا 20 حصے وائٹ آئل 95 یا 97 یا 80 حصے

باہم ملا لیں نہایت خوشبودار تیل تیار ہو جاتا ہے سپرے پرفیوم کی خوشبو جلد اڑ کر ختم ہو جاتی ہے جبکہ اس روغن کی خوشبو بہت دیر تک قائم رہتی ہے مگر یہ کپڑوں وغیرہ پر سپرے نہیں کیا جا سکتا ویسے ملا جاتا ہے۔

ریٹ وائٹ آئل 50 روپے فی لیٹر

کنسٹریٹڈ پرفیوم آئل ریٹ 40 تا 140 روپے فی اونس

Digitized by Khilafat Library Rabwah

ملنے کا پتہ:- پاپڑ منڈی بوتل بازار شاہ عالم مارکیٹ لاہور

ہیئر ریمور پاؤڈر بنانے کی ترکیب

بیریم سلفائیڈ ایک حصہ ٹالکم پوڈر 5 حصہ
سٹارچ ایک حصہ یا سریش پوڈر ایک حصہ
سٹارچ کی بجائے سریش پوڈر زیادہ بہتر ہے
سٹارچ 22 تا 30 روپے فی کلوگرام
خوشبو حسب پسند ملالیں

ملنے کا پتہ اکبری سٹور اکبری منڈی لاہور بیرون اکبری 53 سرکلر روڈ فون نمبر 7639511

شربت فرحت بخش

مارکیٹ میں موجود مشروبات جو مختلف شکلوں میں نظر آتے ہیں ان کا استعمال بوجہ مہنگائی خاصا دشوار ہو چکا ہے ہم ذیل میں ایک ایسے مشروب کا ذکر کرنے لگے ہیں جو خوش ذائقہ خوشبودار ہونے کے علاوہ مفید اور نہایت سستا بھی ہے خود استعمال کریں یا اس کے ذریعہ مہمان نوازی کریں یہ ہم نے ان گنت مرتبہ تیار کیا خود استعمال کیا اور دوسروں کو کروایا اس کا نسخہ درج ذیل ہے اگر کوئی صاحب اسے پیک کر کے اپنے برانڈ نیم کے تحت چلانا چاہیں تو منافع بخش کاروبار ہے دوسری کمپنیوں کے برانڈ نیم استعمال کرنا اخلاقی و قانونی جرم ہے۔

نسخہ شربت فرحت بخش پانی 10 کلو
چینی 10 کلو
سوڈیم بنزوئیٹ دو چمچ چائے والے
سٹرک ایسڈ 25 گرام

ترکیب تیاری پانی میں چینی ڈال کر شربت پکائیں دانہ یا تار بن جائے پھر اس میں بقیہ چیزیں ملالیں اور اچھی طرح ابالا آجانے کے بعد ٹھنڈا ہونے پر روح کیوڑا اور ایسنس حسب پسند کوئی ملادیں اور حسب پسند سرخ کھانے والا رنگ بھی ملالیں۔

ترکیب استعمال:- ٹھنڈے پانی میں اسبغول ثابت یا چھلکا اسبغول تخم بالنگو یا تخم ریحان یا املی کا پانی یا لیموں کا رس ملا کر پئیں۔

فوائد:- اس شربت میں مذکورہ بالا نباتاتی اجزاء شامل کر کے خود استعمال کیا جائے یا مہمان نوازی کی جائے تو یہ خوش ذائقہ ہونے کے ساتھ ساتھ مفید بھی ہے یہ قبض کا مؤثر علاج بھی ہے ہائی بلڈ پریشر کو دور کرتا ہے مقوی قلب ہے پیاس اور صفراوی گرمی کا ازالہ کرتا ہے پیشاب کی جلن اور پیاس کی زیادتی کو نافع ہے گرمی کے سبب سے ہونے والے نئے و پرانے بخاروں کو نافع ہے یرقان نیز دل کی تیز رفتار کو دور کرتا ہے۔

فروٹ سالٹ بنانے کا طریقہ

اجزائے نسخہ

نمبر1- سٹرک ایسڈ (Citric Acid) (ست لیموں)
2- سوڈا بائیکارب یا میٹھا سوڈا
3- چینی
4- خوردنی رنگ
5- ایسنس

ترکیب تیاری

نمبر1. اور نمبر2 ہم وزن الگ الگ پیس لیں اور حسب پسند کوئی ایسنس اور خوردنی رنگ سوڈا بائیکارب میں ملالیں اور اچھی طرح خشک کر لیں پھر ان دونوں کو باہم ملالیں یاد رکھیں نمی سے ان اجزاء کو محفوظ رکھیں چینی پیس کر حسب ذائقہ ملالیں بعض لوگ سوڈا بائیکارب 2 حصہ اور سٹرک ایسڈ 3 حصہ ملاتے ہیں اور بعض سوڈا ایک حصہ اور سٹرک ایسڈ 3 حصہ والا پسند کرتے ہیں اور بعض بہت تیز ترشی کے خواہاں سوڈا بائیکارب 1 حصہ اور سٹرک ایسڈ 4 حصہ ملاتے ہیں اس طرح چینی کی مقدار میں بھی کمی بیشی کی جاسکتی ہے۔

فوائد:- ہاضمہ کی خرابی' جی متلانے' تیزابیت کی وجہ سے بدہضمی زیادہ کھانے کے بعد بدہضمی جلن یا معدے کی گرانی اور گیس کے لئے نافع ہے۔

ترکیب استعمال:- مذکورہ بالا علامات میں ایک چھوٹا چمچ 5 گرام فروٹ سالٹ ایک گلاس پانی میں ملا کر استعمال کریں حسب ضرورت دو تین گھنٹہ کے بعد دوبارہ استعمال کریں۔ بچوں کے لئے خوراک 2 سال سے 6 سال تک مندرجہ بالا خوراک کی ایک تہائی 1/3 6 سال سے زائد عمر کے لئے آدھی 1/2 خوراک
خشک چمچہ استعمال کریں اور ہوا اور نمی سے محفوظ کریں۔

شیمپو بنانے کا فارمولہ

این-70 بیس (1 کلوگرام)
پرل 200 گرام
کے ڈی آئل 200 گرام
کنڈیشنر 200 گرام
سوڈیم کلورائیڈ یا نمک خوردنی 150 گرام
رنگ و خوشبو حسب پسند
پانی 5 کلوگرام یا 5 لیٹر یا زیادہ

ترکیب تیاری:- بیس کو تازہ پانی میں حل کریں اور باقی تمام اشیاء اکٹھی ملادیں۔ رنگ و خوشبو بعد میں ملائیں۔ اگر شیمپو گاڑھا ہو جائے تو پتلا کرنے کے لئے تھوڑا تھوڑا پانی اور ڈال سکتے ہیں۔ اور اگر پتلا ہو جائے تو گاڑھا کرنے کے لئے سوڈیم کلورائیڈ یا نوشادر تھوڑی تھوڑی مقدار میں ملا سکتے ہیں۔ اور مطلوبہ قوام پر لا سکتے ہیں۔

فوائد استعمال:- اس شیمپو کے بارے میں ہمیں تجربہ ہوا ہے کہ یہ صرف بال دھونے ہی کے کام نہیں آتا بلکہ نہانے کے لئے اسے بطور خوشبودار سوپ استعمال کرنے کے لئے مفید و سستا پایا گیا ہے۔ اسی طرح قیمتی کپڑے دھونے کے لئے پانی کی مناسب مقدار میں حل کر کے کپڑے بھگو دیئے۔ اور تھوڑی دیر کے بعد مل کر دھو ڈالا۔ اور تسلی بخش نتائج حاصل ہوئے۔ ایسے ہی ٹائیلٹ' بیسن وغیرہ کو دھونے میں بہت مؤثر پایا گیا ہے۔

قارئین کرام جب مذکورہ فارمولوں کو بار بار عملاً "تیار فرمائیں گے تو

Practice makes a man perfect.

کے مصداق کے طور پر انشاء اللہ بہتر سے بہتر نتائج حاصل کریں گے ہم اپنے معزز قارئین کی خدمت میں گذارش کریں گے کہ اپنے تجربات سے دوسرے بھائیوں کو ضرور آگہی بخشیں۔

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆

انجینئر محمد احمد صاحب

آپ کم ایندھن میں گاڑی کس طرح زیادہ فاصلہ تک چلا سکتے ہیں

بعض چھوٹی چھوٹی باتوں کو مدنظر رکھ کر ہم کم ایندھن یعنی پٹرول یا ڈیزل خرچ کر کے اپنی گاڑی کو زیادہ فاصلہ تک چلا سکتے ہیں۔ ہمارے ملک میں گاڑی چلانے کی ٹریننگ کا کوئی قابل اعتماد ادارہ نہیں۔ ہم میں اکثر لڑکے لڑکیاں اپنے عزیزوں یا دوستوں کی گاڑی پر خود بخود ان کی ہلکی پھلکی رہنمائی میں ڈرائیونگ سیکھ کر گاڑی چلانا شروع کر دیتے ہیں۔ پھر اس سکھلائی کے بعد ٹریفک پولیس بھی اول تو بالکل ہی نہیں یا پھر واجبی سا امتحان برائے نام لیکر ڈرائیونگ لائسنس جاری کر دیتی ہے۔ اس ابتدائی ٹریننگ میں جو کمی رہ جاتی ہے وہ ہماری ڈرائیونگ پر دو اہم نتائج پیدا کرتی ہے۔ ایک تو ٹریفک حادثات کا زیادہ امکان ہونا دوسرے پٹرول اور ڈیزل کا زیادہ خرچ ہونا۔

آج کے اس مضمون میں قارئین کرام کی واقفیت اور علم کے لئے چند ایک تجاویز پیش کی جاتی ہیں جن کو مدنظر رکھ کر ہم اپنی گاڑی کے ایندھن کے خرچ کو کم کر سکتے ہیں۔ یہ اہم اور ضروری نکات مندرجہ ذیل ہیں۔

☆ گاڑی کو چلاتے وقت اس بات کا خیال رہے کہ ہم یکدم نہ تو گاڑی کی رفتار کو تیز کر دیں اور نہ ہی اس کو بالکل سست اور آہستہ چلائیں۔ گاڑی کو سٹارٹ کرنے کے بعد بڑی مناسب اور صحیح مقدار میں ایکسلریٹر پر دباؤ کو زیادہ کریں اور اس وقت تک اسکو بڑھاتے جائیں جب تک کہ اسکی رفتار گیئر بدلنے کے مقام تک نہیں پہنچ جاتی۔

☆ اپنی گاڑی کے فٹ بریک کو زیادہ استعمال نہ کریں۔ اگر رش کی جگہ آپ گاڑی چلا رہے ہیں تو پھر جہاں رفتار کم کرنے کی ضرورت پڑے وہاں گیئر کو ڈاؤن کریں۔

☆ آپ کی گاڑی کی سروس اور ٹیوننگ بڑی اچھی ہونی چاہئے۔ اس سے بھی ایندھن کی بچت ہوگی۔

☆ گاڑی کے ٹائروں میں مناسب ہوا کا پریشر ہونا چاہئے۔ اس کا درست پریشر کار کی مینوئیل میں دیا جاتا ہے۔

☆ اگر آپ راستے میں کسی خرید و فروخت کی وجہ سے رک گئے ہیں تو بلاوجہ گاڑی کو سٹارٹ مت رکھیں۔ اور یونہی پٹرول کو ضائع ہونے سے بچائیں۔ اور انجن کو آف کر دیں۔

☆ ہر گاڑی کا Optimum Maximum مقرر ہوتا ہے۔ اگر آپ کی گاڑی بالفرض آخری گیئر میں 50 میل کی رفتار پر پہنچ کر کم پٹرول استعمال کر رہی ہے تو اگر اس کو 50 میل سے اوپر چلایا گیا تو پھر وہ زیادہ ایندھن کھائے گی۔ لہٰذا اپنی گاڑی کے متعلق آپکو معلوم ہونا چاہئے کہ زیادہ سے زیادہ اس کو کس رفتار پر چلایا جائے کہ اس سے کم ایندھن استعمال ہو۔

☆ ہر کسی جگہ موجود پٹرول سٹیشن سے پٹرول نہ ڈلوائیں۔ شہروں میں بعض ایک سٹیشن معیاری پٹرول کے لحاظ سے مشہور ہوتے ہیں۔ وہیں سے پٹرول لیں۔ وہاں سے آپ کو مقدار اور کوالٹی دونوں ٹھیک ملیں گی۔

☆.....☆.....☆.....☆

تاج محل کے اندرونی حصے

تاریخی تاج محل' جسے بھارت میں دنیا بھر کے سیاحوں کے لئے انتہائی پرکشش یادگار قرار دیا جاتا ہے۔ خدشہ ہے کہ سیاحت کے لئے پہلے جیسی کشش سے محروم ہو جائے گا۔ اندیشہ ہے کہ سیاحوں کو اس تاریخی عمارت کے اندرونی حصہ میں جانے کی ممانعت کر دی جائے گی۔ آرکیالوجیکل سروے آف انڈیا کے ایک اعلیٰ افسر نے اے این پی کو بتایا ہے کہ انہوں نے اس یادگار کے اندر داخلے پر فوری طور پر پابندی لگانے کی سفارش کی ہے۔ آرکیالوجیکل سروے کے سپرنٹنڈنٹ ڈی وی شرما نے کہا سیاحت کرنے والے حضرات یادگار کے باہر لان میں سے بھی تاج محل کے لازوال حسن کا نظارہ کر سکتے ہیں۔ اس مقصد کے لئے اندر جانے کی ضرورت نہیں ہے۔ آگرہ سے ٹیلی فون پر گفتگو کرتے ہوئے شرما نے کہا میں نے اس عمارت میں داخلے پر پابندی کی تجویز نئی دہلی میں واقع اپنے صدر دفتر کو ارسال کر دی ہے۔ شرما نے کہا اندرونی حصے انتہائی خستہ حالت میں ہونے کے باعث فوری طور پر مرمت طلب ہیں بعض حصوں کی حالت انتہائی ناگفتہ بہ ہو چکی ہے۔ اگر سیاحوں کی

باقی صفحہ 7 پر

Digitized by Khilafat Library Rabwah

اطلاعات و اعلانات

محترم محمد عقیل صاحب

وفات پاگئے

محترم محمد عقیل صاحب معلم وقف جدید مختصر علالت کے بعد مورخہ 99-9-14 کو صبح 6 بجے اپنے مولائے حقیقی کے حضور حاضر ہو گئے۔

آپ کا جنازہ مورخہ 99-9-15 بعد نماز ظہر بیت المبارک میں محترم حافظ مظفر احمد صاحب ایڈیشنل ناظر دعوت الی اللہ نے پڑھایا۔ موصوف موصی تھے بہشتی مقبرہ میں تدفین عمل میں آئی۔ قبر تیار ہوتے پر محترم اللہ بخش صادق صاحب ناظم وقف جدید نے دعا کرائی۔

آپ کو خود احمدیت قبول کرنے کی سعادت حاصل ہوئی آپ محکمہ ارریگیشن میں ملازم تھے۔ 1961ء میں وقف کیا اس وقت آپ کا نام اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ کیلئے تجویز ہو چکا تھا اور تنخواہ 150 روپے ماہوار تھی آپ نے بطور معلم وقف جدید وقف کیا اور 40 روپے ماہوار وظیفہ پر خدمت دین کا آغاز کیا۔ آپ بہاولپور شہر، علی پور گھلواں، چک سکندر، چک 98 شمالی اور علاقہ نگر پارکر میں انچارج معلم عرصہ 8 سال تک خدمت کرتے رہے۔ آپ نے دعوت الی اللہ میں خدا کے فضل سے غیر معمولی کامیابیاں حاصل کیں۔ گذشتہ 8 سال سے معلمین کلاس میں درس و تدریس سے وابستہ تھے۔ اپنے محلہ دارالیمن میں لمبا عرصہ امام الصلوۃ بھی رہے۔ آپ بہت غیور، مہمان نواز اور دعوت الی اللہ کا شوق رکھتے تھے۔ اپنے شاگردوں سے بہت شفقت اور محبت سے پیش آتے تھے طب کے پیشہ میں آپ کو خاص مہارت تھی اپ نے طب کے بارے میں ایک کتاب لکھی۔ اور اللہ تعالیٰ نے آپ کے ہاتھ میں شفا بھی رکھی تھی۔ جس سے آپ کا حلقہ احباب بہت وسیع تھا۔ اپنے احمدی اور دوسرے رشتہ داروں کے حقوق کا خاص خیال رکھتے۔

آپ نے اپنے پسماندگان میں ایک بیوہ کے علاوہ تین بیٹے اور تین بیٹیاں چھوڑی ہیں۔ آپ مکرم ڈاکٹر عبدالغفار صاحب مربی جرمنی کے بڑے بھائی تھے۔

محترم حکیم محمد عقیل صاحب کی وفات کی اطلاع ملنے پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے سخت افسوس کا اظہار فرماتے ہوئے مرحوم کے اہل و عیال سے دلی تعزیت کا پیغام بھجوانے کی ہدایت فرمائی ہے۔ اور دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کو کروٹ کروٹ جنت نصیب کرے اور تمام لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

تمام احباب سے بھی مرحوم کیلئے درخواست دعا ہے۔

سوئمنگ مقابلہ جات

آل ربوہ سوئمنگ مقابلہ جات مورخہ 20، 21 ستمبر 1999ء بروز سوموار، منگل منعقد ہو رہے ہیں۔ احباب سے درخواست ہے کہ اس موقع پر تشریف لاکر کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی فرمائیں۔

(مہتمم مقامی)

ولادت

○ اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے مکرم منیر احمد رشید صاحب مربی سلسلہ چک 99 شمالی ضلع سرگودھا کو مورخہ 99-8-27 کو پہلی بیٹی سے نوازا ہے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ نے بچی کا نام "صباحہ منیر" عطا فرمایا ہے جو وقف نو میں شامل ہے۔ نومولودہ مکرم رشید احمد صاحب کارکن فضل عمر ہسپتال ربوہ کی پوتی اور مکرم خوشی محمد صاحب باغبانپورہ گوجرانوالہ کی نواسی ہے۔

احباب دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے بچی کو باعمر، سعادت مند اور خادمہ دین بنائے۔

○ مکرمہ بشریٰ نسیم صاحبہ اہلیہ مکرم بشیر احمد صاحب پریمی دارالنصر وسطی حال جرمنی تحریر کرتی ہیں کہ تحریک وقف نو کی برکت سے اللہ تعالیٰ نے میرے بیٹے عزیزی سکواڈرن لیڈر جمیل کو بیٹا عطا کیا ہے۔ اسی طرح میری دونوں بیٹیوں ناصرہ اور کاشفہ کو بھی اللہ تعالیٰ نے وقف نو کے ننھے مجاہدین عطا کئے ہیں۔ انکے نیک ہونے و درازی عمر اور قرۃ العین بننے کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

سانحہ ارتحال

○ مکرم طاہر رشید صاحب سکواڈرن لیڈر۔ پی۔ اے۔ ایف لاہور کینٹ کی والدہ محترمہ بشریٰ رشید صاحبہ اہلیہ مکرم ڈاکٹر چوہدری عبدالرشید صاحب اسلم مورخہ 99-9-7 بروز منگل بعمر 57 سال ربوہ میں وفات پاگئی ہیں۔

اگلے روز مورخہ 99-9-8 صبح نو بجے بیت المہدی گول بازار ربوہ میں مکرم صوبیدار صلاح الدین صاحب نے ان کی نماز جنازہ پڑھائی بعد ازاں قبرستان عام میں ان کی تدفین ہوئی۔

آپ نے اپنے پیچھے تین بیٹے اور دو بیٹیاں اور متعدد پوتے اور نواسیاں اپنی یادگار چھوڑی ہیں۔ موصوفہ مکرم وحید سلیم صاحب مرحوم ایڈووکٹ لاہور کی بھاوجہ تھیں۔ احباب جماعت سے ان کی مغفرت اور بلندی درجات کے لئے دعا کی درخواست ہے۔

بقیہ صفحہ 6

آمد و رفت اندرونی حصوں بالخصوص شاہ جہاں اور ممتاز محل کی قبروں تک اسی طرح جاری رہی تو ممکن ہے یہ حصے مرمت کے قابل ہی نہ رہیں۔ شرما کے مطابق ان کی تجویز تسلیم کر لی جائے گی جس پر فیصلہ دسمبر تک ممکن ہے۔ اگر اس فیصلہ پر عمل کیا گیا تو سیاحوں کی آمد بری طرح متاثر ہونے کا اندیشہ ہے جبکہ سرکاری حکام اس پر اتفاق نہیں کر رہے۔

(روزنامہ نوائے وقت 6۔ نومبر 1998ء)

عالمی خبریں

عالمی ذرائع ابلاغ سے

امریکہ میں سمندری طوفان

امریکہ میں صدی کے سخت ترین سمندری طوفان سے 10- افراد ہلاک جبکہ لاکھوں بے گھر ہو چکے ہیں۔ نیویارک اور لانگ آئی لینڈ میں ہنگامی حالت کا اعلان کر دیا گیا ہے۔ جنوب مشرقی ساحلوں پر 70 میل فی گھنٹہ کی رفتار سے آنے والے طوفان سے درخت گر گئے۔ بجلی اور مواصلات کا نظام درہم برہم ہو گیا۔ لوگوں کی بڑی تعداد متاثرہ علاقوں سے نقل مکانی پر مجبور ہو گئی ہے۔ کئی علاقوں میں ویرانی چھا گئی ہے۔ صدی کا بدترین طوفان نیویارک اور نیوجرسی پر چھا گیا۔ محکمہ موسمیات نے کہا ہے کہ شدید بارش اور تیز و تند ہوائیں نیویارک میں زیادہ نقصان کا باعث بنیں گی۔ امریکہ کے صدر کلنٹن نے متاثرین کے لئے امدادی کارروائیاں تیز کرنے کی ہدایات جاری کر دی ہیں۔

چین پر پابندیاں لگانے کا مطالبہ

امریکی سینیٹر جیس ہیلم نے اپنی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ چین پر پابندیاں عائد کی جائیں انہوں نے کہا کہ چین نے پاکستان کو ایم 11 میزائل دیئے ہیں۔ امریکہ چین کو سزا دے سکتا ہے۔ اور اس کے لئے ایٹمی عدم پھیلاؤ کے کسی اسسٹنٹ سیکرٹری کی ضرورت نہیں۔

امن فوج پر حملہ ہوا تو.....

آسٹریلیا کے وزیر اعظم نے کہا ہے کہ اگر مشرقی تیمور جانے والی امن فوج پر حملہ ہوا تو امریکہ مشرقی تیمور میں آجائے گا۔ ادھر انڈونیشیا نے مشرقی تیمور سے اپنی مزید فوج واپس بلالی ہے۔ مشرقی تیمور میں سات ہزار کثیر القومی فوج کی تعیناتی اس ہفتے کے آخر تک عمل میں آنے والی ہے۔ امریکہ نے فی الحال مشرقی تیمور میں اپنے صرف 200 فوجیوں کو بھجوانے کا عندیہ دیا ہے۔ تاہم امن فوج کو طیارے اور دیگر سہولتیں امریکہ فراہم کرے گا۔ آسٹریلیا کے وزیر اعظم نے کہا کہ اگر امن فوج پر حملہ ہوا تو امریکہ اپنی فوج کی تعداد بڑھا دے گا تاہم انہوں نے کہا کہ امید ہے کہ انڈونیشی فوج امن فوج پر حملہ کرنے کی غلطی نہیں کرے گی۔

جرمن فوجیوں کا مظاہرہ

برلن میں جرمن فوجیوں نے دوسری جنگ عظیم کے بعد پہلی مرتبہ احتجاجی مظاہرہ کیا۔ پانچ ہزار فوجیوں نے دفاعی بجٹ میں کمی کے خلاف مظاہرہ کیا۔ تاہم فوجیوں نے اپنے مظاہرے کو زیادہ اجاگر کرنے کی کوشش نہیں کی۔ جرمن فوجیوں کی یونین نے انہیں تلقین کی کہ وہ اپنے مظاہرے کو ٹھنڈا رکھیں۔

جنوب مشرقی چین میں طوفان

چین کے جنوب مشرقی علاقے میں طوفانی سیلاب سے 6- افراد ہلاک ہو گئے۔ پانی گلیوں اور بازاروں میں داخل ہو گیا۔ ائرپورٹ بند کر دیا گیا۔ تمام کاروبار حیات معطل ہو کر رہ گیا۔

فلسطین کے ساتھ مذاکرات ناکام رہنے کی پیشگوئی

اسرائیلی فوج کے سربراہ نے کہا ہے کہ تازہ ترین عبوری امن سمجھوتے میں فلسطین کے ساتھ امن کے حتمی تصفیہ کیلئے مذاکرات ایک سال کی مدت سے پہلے ہی ناکام ہو جائیں گے۔ ادھر اردن کے شاہ عبداللہ نے یاسر عرفات کو یقین دہانی کرائی ہے کہ بیت المقدس کو دوبارہ حاصل کرنے کیلئے فلسطینیوں کی مکمل حمایت کرتے ہیں اور کرتے رہیں گے۔ دونوں رہنماؤں نے صلاح مشورے جاری رکھنے پر اتفاق کیا ہے۔

بھارت روس فوجی تعاون کا امکان

بھارت اور روس آئندہ سربراہی ملاقات میں فوجی تعاون کے نئے معاہدے پر دستخط کریں گے۔ دونوں ممالک کے درمیان بے شمار ترقیاتی معاہدے ہونے کا امکان ہے۔ بھارتی سیکرٹری خارجہ نے ماسکو کے دورے کے بعد وطن واپس پہنچنے پر کہا کہ ماسکو میں میری ملاقاتیں انہی مقاصد کے لئے ہوئی ہیں۔

امریکہ کا پیٹریاٹ میزائل کا تجربہ

ہتھیاروں کی دوڑ میں آگے سے آگے بڑھنے کیلئے امریکہ نے جدید ترین پیٹریاٹ میزائل کا تجربہ کر ڈالا ہے۔ نئے میزائل سے کم اور درمیانے فاصلے تک مار کرنے والے میزائلوں کے حملوں سے بچا جا سکے گا۔ امریکی محکمہ دفاع کے حکام نے بتایا ہے کہ تجربہ انتہائی کامیاب رہا۔

روس کا مسلم ممالک پر الزام

روس نے مسلم ممالک پر بم دھماکوں میں ملوث ہونے کا الزام لگا دیا ہے۔ روسی صدر بورس یلسن نے کہا ہے کہ روس کے بم دھماکے داغستانی علیحدگی پسندوں کی کارروائی ہے۔ ایک فوجی افسر کو فون پر دھمکی دی گئی کہ داغستان کے خلاف جاری کارروائی بند کی جائے۔ صدر یلسن نے مزید کہا ہے کہ داغستانی علیحدگی پسندوں کی مدد کئی مسلم ممالک کر رہے ہیں۔

عہدے کے منافی سرگرمیوں کا الزام

بنگلہ دیش میں متعین اقوام متحدہ کے نمائندے کو واپس بلا لیا جائے گا۔ حکومت اور حزب اختلاف پر نکتہ چینی کے باعث اقوام متحدہ کے نمائندے ڈیوڈ بنگلہ دیشی صحافیوں اور سیاستدانوں کے درمیان ایک متنازعہ شخصیت بنکر رہ گئے ہیں۔

Digitized by Khilafat Library Rabwah

ملکی خبریں

قومی ذرائع ابلاغ سے

ربوہ : 18 ستمبر۔ گذشتہ چوبیس گھنٹوں میں
کم سے کم درجہ حرارت 29 درجے سنٹی گریڈ
زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 38 درجے سنٹی گریڈ
20۔ ستمبر۔ غروب آفتاب۔ 6-10
21۔ ستمبر۔ طلوع فجر۔ 4-30
21۔ ستمبر۔ طلوع آفتاب 5-54

بھارتی ایٹمی ڈاکٹرائن عالمی امن کیلئے خطرہ

پاکستان اور چین نے اعلان کیا ہے کہ بھارتی ایٹمی ڈاکٹرائن عالمی امن کیلئے خطرہ ہے کشمیر اور ایٹمی مسئلہ پر پاکستان اور چین کے درمیان مذاکرات میں چینی نائب وزیر خارجہ نے کہا کہ خطے میں ایٹمی عدم پھیلاؤ کی ضرورت ہے۔ چینی وفد سے گفتگو میں وزیر اعظم نواز شریف نے کہا کہ بھارتی عزائم پورے ہونے نہیں دیں گے۔ چین کے نائب وزیر خارجہ اور پاکستان کے سیکرٹری جنرل کی زیر قیادت دونوں ممالک کے وفود میں 4 گھنٹے طویل مذاکرات ہوئے چینی وفد نے کہا کہ مسئلہ کشمیر جنوبی ایشیا میں کشیدگی کی جڑ ہے۔ کشیدگی میں کمی کیلئے پاکستانی کوششیں قابل تعریف ہیں۔ امن کو درپیش خطرات کے لئے پاک چین تعاون کو مکمل شراکت میں بدلنے کا فیصلہ کیا گیا۔

نیازاے نائیک کے مشن پر تبصرے

آزاد کشمیر اور مقبوضہ کشمیر کی کئی جماعتوں پر مشتمل کشمیری قیادت نے حکومت پاکستان سے سوال کیا ہے کہ حکومت وضاحت کرے کہ نیازاے نائیک کا مشن کیا تھا۔ خفیہ سفارتکاری شکوک و شبہات کو جنم دیتی ہے قاضی حسین احمد نے کہا ہے کہ نائیک کے بیان نے شکوک پیدا کر دیئے ہیں۔

نیاز نائیک کا کردار ختم

حکومت نے نیاز اے نائیک کے حالیہ بیانات پر ٹریک ٹو ڈپلومیسی (خفیہ مذاکرات) میں ان کا کردار ختم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ وزیر اعظم نے انہیں جوابدہی کیلئے طلب کر لیا ہے۔ ملاقات میں مسلح افواج اور دیگر اداروں کے نمائندے بھی ہونگے۔

امریکی وزارت خارجہ

امریکی وزارت خارجہ نے کہا ہے کہ بیک ڈور ڈپلومیسی مثبت قدم ہے اور اس کا کریڈٹ پاکستان کو جاتا ہے۔

مجھ سے غلط باتیں منسوب کی گئیں

نیاز اے نائیک نے کہا ہے کہ مجھ سے غلط باتیں منسوب کی گئی ہیں۔ انہوں نے ایک اخبار کے خلاف قانونی چارہ جوئی کا حق محفوظ رکھا۔ انہوں نے کہا کہ میں ٹریک ٹو کوششوں میں نیک نیتی سے شریک تھا۔

پتہ نہیں کارگل کا پودا کتنا بڑھے گا

بی بی سی نے کارگل اور نیاز اے نائیک کے بیانات کے حوالے سے پاکستان کی سیاسی صورت حال پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ پتہ نہیں کارگل کا پودا کتنا بڑھے گا اور اس کے پھل کا ذائقہ کیا ہوگا۔ کارگل کے حوالے سے پاکستان کے وزیر اعظم کی لاعلمی کے بارے میں واجپائی کا بیان نیازاے نائیک نے دوہرایا تو اودھم مچ گیا۔ فوجی حلقوں نے حکومت سے وضاحت طلب کر لی۔ سابق فوجی سربراہوں اور اپوزیشن نے نائیک کے بیان کی مذمت کی تو نواز شریف نے امریکہ کا دورہ منسوخ کر دیا۔ اب شہباز شریف امریکیوں سے مذاکرات کر رہے ہیں۔

گوہر ایوب کا وزیر اعظم سے مطالبہ

پانی و بجلی کے وزیر گوہر ایوب نے کہا ہے کہ چیئرمین واپڈا (لیفٹیننٹ جنرل راؤ محمد اقبال) کا رویہ نامناسب ہے۔ میری وزارت تبدیل کر دیں۔ اختلافات کی وجہ سے وزارت کا کام رک گیا ہے۔ نواز شریف سے ملاقات کے بعد سیکرٹری پانی و بجلی شاہد حسین کو گوہر ایوب نے ہدایت کی کہ آپ اپنا کام جاری رکھیں وزیر اعظم سے بات ہو گئی ہے۔ واضح رہے کہ چیئرمین واپڈا کے کہنے پر پانی و بجلی کی وزارت کے سیکرٹری کو تبدیل کیا جا رہا تھا۔

غوث علی شاہ کی مذاکرات کی دعوت

سندھ کیلئے وزیر اعظم کے مشیر سید غوث علی شاہ نے اپوزیشن کو مذاکرات کی دعوت دیتے ہوئے کہا ہے کہ جذبات ٹھنڈے ہو جائیں تو بات چیت کیلئے آجائیں۔ میں کشیدگی بڑھانے نہیں امن بحال کرنے آیا ہوں۔ قانون کی خلاف ورزی کی اجازت نہیں دوں گا جرم کی سزا ضرور ملے گی۔ سندھ میں صرف میرا حکم چلے گا۔ جو حکم نہیں مانے گا وہ نہیں رہ سکے گا۔

دونوں کو ہٹانے کا فیصلہ

جمعیت العلمائے اسلام کے مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ ہم نے حکومت اور اپوزیشن دونوں کو ہٹانے کا فیصلہ کیا ہے۔ ہم اپنی سرزمین پر قدم رکھنے والوں کی ٹانگیں توڑ دیں گے۔ حکومت اس وقت صحیح معنوں میں امریکہ کے غلاموں کا کردار ادا کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسامہ بن لادن کی حفاظت کے لئے اور امریکہ کے خلاف ہر سطح پر جنگ کریں گے۔ ہمارا سب سے بڑا دشمن امریکہ یا اس کے ٹوڈی حکمران ہیں۔

اعظم طارق بھی امریکہ کے خلاف

انجمن سپاہ صحابہ کے سربراہ مولانا اعظم طارق نے کہا ہے کہ اگر افغانستان پر حملہ ہوا تو امریکیوں کو چوراہوں پر لٹکا دیں گے۔ انہوں نے یہ باتیں اسلام آباد میں ایک ریلی سے خطاب کے دوران کہیں۔

سیالکوٹ کے ایک سرحدی گاؤں پر حملہ

بھارت نے راکٹوں سے سیالکوٹ کے ایک سرحدی گاؤں پر حملہ کیا۔ ایک راکٹ کھیتوں میں گرا جبکہ دوسرا ایک زمیندار کے گھر پر گرا جس سے مکان جزوی طور پر تباہ ہو گیا۔ خوشی قسمتی سے کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ اس کے علاوہ بجوات، چیرارہ، پتہ گڑھ، چاروا، ظفروال اور شکر گڑھ میں پاکستان علاقوں پر گولہ باری کی گئی۔ پاک فوج کی جوابی کارروائی سے 3 بھارتی فوجی ہلاک اور متعدد زخمی ہو گئے۔

اگلے ماہ حکومت چلی جائے گی

عوامی تحریک کے سربراہ طاہر القادری نے کہا ہے کہ حکومت سپریم کورٹ کے ذریعے جائے گی۔ اگلے ماہ حکومت کو گھر بھیج دیا جائے گا۔ سپریم کورٹ نظریہ ضرورت کے تحت تبدیلی لا سکتی ہے۔ صدر مملکت اپنے اختیارات کا استعمال کریں گے وہ نواز شریف کے جاتے ہی طاقتور بن کر سامنے آئیں گے۔

پروفیشنل سروسز پر بھی سیلز ٹیکس

حکومت نے نومبر سے پروفیشنل سروسز پر بھی سیلز ٹیکس عائد کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس کی شرح 15 فیصد ہوگی اور اس کے تحت ڈاکٹروں، وکلاء، انجینئرز، آرکیٹکٹ اور چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ جنرل سیلز ٹیکس دینے کے پابند ہونگے۔

اسٹیبلشمنٹ کی سازش

امیر جماعت اسلامی قاضی حسین احمد نے کہا ہے کہ اپوزیشن کو صرف ایک نکتہ پر اکٹھا کرنا اسٹیبلشمنٹ کی سازش ہے وہ چاہتی ہے کہ بات آگے نہ بڑھے اور معاملات ہاتھ میں رہیں۔ نیاز اے نائیک تجربہ کار ڈپلومیٹ ہیں۔ فضول باتیں نہیں کرتے۔ دیکھنا یہ ہے کہ وہ کس کے کہنے پر باتیں کر رہے ہیں۔

سرتاج عزیز کو فارغ کر دیں

عوامی اتحاد کے صدر اور گرینڈ الائنس کے مرکزی رہنما نوابزادہ نصر اللہ خان نے کہا ہے کہ اگر سارے کام چھوٹے بھائی نے کرنے ہیں تو سرتاج عزیز کو فارغ کر دیں ان بھائیوں نے پاکستان کو گھر کی حکومت بنا لیا ہے۔ یہ صریحاً وفاق میں مداخلت ہے۔

مغوی نوجوان کے قتل پر جی ٹی روڈ بلاک

سرائے عالمگیر میں ایک مغوی نوجوان کے قتل پر اس کے لواحقین نے جی ٹی روڈ بلاک کر دی۔ پولیس نے سڑک کھلوانے کیلئے شیلنگ کی اور لاٹھی چارج کیا متعدد افراد زخمی ہو گئے۔

نواز بھارت خفیہ معاہدہ

سینیٹر آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ نواز حکومت کا بھارت سے خفیہ معاہدہ منظر عام پر لایا جائے۔ ایشین بنک نے پاکستان کی پیداوار میں 3 فیصد کمی کی پیشگوئی کر دی تھی۔

بھارتی فوج سے اسلحہ خریدتے ہیں

لشکر طیبہ کے حافظ محمد سعید نے یہ دلچسپ بات بتائی ہے کہ ہم بھارتی فوجیوں سے اسلحہ خریدتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ وقت کرسی کے کھیل کا یا انتشار پھیلانے کا نہیں۔

بھائی بھائی گولڈ سمتھ
اقصیٰ روڈ چیمہ مارکیٹ ربوہ
211158 (کال کے اندر ہے)

خوبصورت گھر
نزد عادل ہسپتال ڈیفنس روڈ لاہور
گھر برائے فروخت یا کرائے کے لئے
اپرپورشن
رابطہ۔ ملک محمود انور لاہور
فون 042-6662446-7235517

دانتوں کا معائنہ مفت
ڈینٹسٹ رانا مدثر احمد
3:30 تا 7:30 شام
مدینہ ڈینٹل کلینک
طارق مارکیٹ اقصیٰ چوک ربوہ

گھر برائے فروخت
رقبہ 10 مرلے، محلہ دارالیمن شرقی، پختہ سڑک، بجلی، پانی، 6 کمرے، ایک برآمدہ دو غسلخانے فلش سسٹم، بس سٹاپ مین سرگودھا روڈ سے فاصلہ صرف 100 گز۔ نہایت کم قیمت پر
رابطہ۔ منیر ملک
051-282564, 04524-212426

خالص سونے کے زیورات کا مرکز
شریف جیولرز
اقصیٰ روڈ ربوہ
فون دکان 212515، رہائش 212300